یہ کتاب انیس اکبر نقشبند ہے

تقویۃ الایمان

تالیف

مولانا محمد اسمٰعیل شہید دہلوی

ناشر

فخر العبید اعظمی

مکتبۂ نعیمیہ صدر بازار مئوناتھ بھنجن یوپی

12/-

سب بندوں کو اپنے رسول کی فرمان برداری کا حکم کر دیا ہے۔

غیر اللہ کی قسم کھانی شرک ہے

مشکوٰۃ کے باب الایمان والنذور میں لکھا ہے کہ:

أَخْرَجَ التِّرْمِذِيُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ فَقَدْ أَشْرَكَ

ترمذی نے ذکر کیا کہ نقل کیا ابن عمرؓ نے کہ سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کہ جس نے قسم کھائی غیر اللہ کی سو بیشک شرک کیا۔

مشکوٰۃ کے باب الایمان والنذور میں لکھا ہے کہ:

أَخْرَجَ مُسْلِمٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحْلِفُوْا بِالطَّوَاغِيْ وَلَا بِآبَائِكُمْ۔

مسلم نے ذکر کیا کہ نقل کیا عبدالرحمٰنؓ نے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قسم کھایا کرو جھوٹے معبودوں کی اور نہ باپ دادوں کی۔

مشکوٰۃ کے باب الایمان والنذور میں لکھا ہے کہ:

أَخْرَجَ الشَّيْخَانِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ يَنْهٰكُمْ أَنْ تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ مَنْ كَانَ حَالِفًا فَلْيَحْلِفْ بِاللّٰهِ أَوْ لِيَصْمُتْ۔

بخاری اور مسلم نے ذکر کیا کہ ابن عمرؓ نے نقل کیا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ منع کرتا ہے تم کو باپ دادوں کی قسم کھانے سے جسکو قسم کھانا ہو سو اللہ ہی کی قسم کھاوے یا چپ رہے

مشکوٰۃ کے باب الایمان والنذور میں لکھا ہے کہ:

أَخْرَجَ الشَّيْخَانِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ فَقَالَ فِيْ حَلِفِهِ بِاللَّاتِ وَالْعُزّٰى فَلْيَقُلْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ۔

بخاری اور مسلم نے ذکر کیا کہ ابو ہریرہؓ نے نقل کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو کوئی قسم کھایا چاہے پھر قسم کھا بیٹھے لات اور عزیٰ کی تو چاہیے کہ پھر کہے لا الٰہ الا اللہ

ف۔ یعنی عرب کے لوگ کفر کی حالت میں بتوں کی قسم کھاتے تھے سو جن مسلمانوں کے منہ سے اس عادت کے موافق قسم نکل جاوے تو پھر لا الٰہ الا اللہ کہہ لیویں۔

الحاصل ان حدیثوں سے معلوم ہوا کہ اللہ کے سوا کسی کی قسم نہ کھاوے اور اگر منہ سے نکل جاوے